## سوال

(150) عورت اپنی منی، مذی اور سیال مادوں میں کیسے فرق کرے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

ایک عورت اپنی منی، مذی اور شرمگاہ سے نکلنے والے سیال مادوں میں کیسے فرق کرے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

عورت کا پانی مرد کے پانی کے برخلاف پتلا اور زردی مائل ہوتا ہے جبکہ مرد کا پانی گاڑھا اور سفید ہوتا ہے رہی مذی تو وہ سفید رنگ کا پتلا سا مادہ ہے جو شہوت کے وقت خارج ہوتا ہے لیکن وہ ایسی شہوت کے وقت نکلتا ہے جس میں جھٹکے نہیں ہوتے اور اس سے فتور لاحق نہیں ہوتا اور وہ سیال مادے جو عادتاً اس سے خارج ہوتے ہیں سفید رنگ کے مادے ہوتے ہیں۔ (فضیلۃ الشیخ محمد بن عبد المقصود رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## عورتوں کے لیے صرف

### صفحہ نمبر 162

### محدث فتویٰ